

روزنامہ
ورقِ تازہ
حالاتِ حاضرہ
दैनिक वरक-ए-ताज़ा
23 May 2026



# 'مجھے پتا ہے وزیر اعظم مودی کو سوال پسند نہیں لیکن یہ میری ذمہ داری تھی': ناروے کی صحافی ہیلی لینگ کا انڈیا میں چرچا



ناروے کی صحافی ہیلی لینگ نے پہلے اوسلو میں انڈین وزیر اعظم نریندر مودی سے سوال پوچھنے کی کوشش کی اور بعد ازاں ایک پریس کانفرنس کے دوران ان کی انڈین وزارت خارجہ کے سیکریٹری کے ساتھ تلخ کلامی بھی ہوئی۔ بی بی سی سے بات کرتے ہوئے ہیلی لینگ کا کہنا ہے کہ بطور صحافی سوال پوچھنا ان کی 'ذمہ داری' ہے، خاص کر جب 'جب ایک طاقتور ملک ان کے چھوٹے ملک آ کر تعلقات مضبوط کرنا چاہتا ہے۔' وزیر اعظم مودی پانچ ممالک کے غیر ملکی دورے پر ناروے بھی آئے تھے جہاں یہ تنازع توجہ کا مرکز بن گیا۔ درحقیقت ناروے کے وزیر اعظم یوناس سٹورے کے ساتھ مشترکہ بیان کے بعد صحافی ہیلی لینگ مودی سے سوال پوچھنا چاہتی تھیں جبکہ وزیر اعظم کو وہاں سے جاتے ہوئے دیکھا گیا۔ اس واقعے کی ویڈیو گذشتہ دنوں سے سوشل میڈیا پر وائرل ہے۔ اس میں صحافی ہیلی لینگ کو یہ کہتے ہوئے سنا جا سکتا ہے کہ 'وزیر اعظم مودی، آپ دنیا کے سب سے آزاد میڈیا سے سوال کیوں نہیں لیتے؟' ہیلی لینگ نے اس معاملے پر سوشل میڈیا پر بھی اپنی رائے کا اظہار کیا جس کے بعد ناروے میں انڈین سفارت خانے نے ایک بیان جاری کیا اور انھیں وزارت خارجہ کی پریس کانفرنس میں آ کر سوال کرنے کو کہا۔ پریس کانفرنس کے دوران ان کی انڈین وزارت خارجہ کے حکام کے ساتھ تند و تیز گفتگو بھی وسیع پیمانے پر زیر بحث رہی۔ پیر کی شب انڈین وزارت خارجہ کی پریس کانفرنس کے دوران صحافی نے انسانی حقوق کی مبینہ خلاف ورزیوں اور وزیرِ اعظم مودی کی جانب سے صحافیوں کے سوال نہ سننے پر شکوہ کیا۔ ان کا یہ بھی سوال تھا کہ 'ہم انڈیا پر اعتماد کیوں کریں؟' اس پر جواب دیتے ہوئے وزارتِ خارجہ کے سیکریٹری سبی جارج نے انڈیا کو 'عظیم ملک' اور 'قدیم تہذیب' قرار دیا اور کہا کہ کووڈ وبا کے دوران انڈیا نے 'کئی ممالک کو ویکسین فراہم کی' اور 'انھی کوششوں کے باعث پوری دنیا ان پر اعتماد کرتی ہے۔' اس دوران صحافی کی طرف سے قطع کلامی پر سبی جارج نے کہا کہ 'پلیز مجھے انٹرپٹ نہ کریں۔۔۔ یہ میری پریس کانفرنس ہے۔۔۔ جواب کب کیسے اور کہاں دینا ہے، یہ میرا حق ہے۔' ہیلی نے ان معاملات پر بی بی سی سے تفصیل سے بات کی ہے۔

ہیلی نے بتایا کہ وہ پانچ سال سے زیادہ عرصے سے صحافت کر رہی ہیں اور انھوں نے امریکی انتخابات کی کوریج بھی کی تھی۔ انھوں نے کہا کہ 'جب بھی کوئی سربراہ مملکت ناروے آتا ہے تو سڑکوں پر بہت زیادہ پولیس ہوتی ہے اور کچھ سڑکیں بند کر دی جاتی ہیں۔ پورا نظام بہت سخت ہوتا ہے۔' انھوں نے وزرائے اعظم کی مشترکہ کانفرنس کے بارے میں کہا کہ 'ناروے میں ایسی پریس کانفرنسوں میں عموماً یہی ہوتا ہے۔ رہنما پریس سے بات کرتا ہے اور پھر کچھ سوال لیتا ہے۔' انھوں نے حال ہی میں آئے فرانسیسی صدر میکخواں کی مثال دی۔ 'میرا ماننا ہے کہ صحافی کے طور پر سوال کرنا ہمارا کام ہے۔ جب ایک طاقتور ملک ہمارے چھوٹے ملک میں آتا ہے اور ہم سے تعلقات مضبوط کرنا چاہتا ہے تو ایسے میں سوال کرنا ہماری ذمہ داری ہے۔ میں جانتی ہوں کہ آپ کے وزیر اعظم سوال لینا پسند نہیں کرتے، لیکن سوال کرنا میرا فرض تھا۔' انڈیا کے وزیر اعظم مودی بیرون ملک دوروں کے دوران شاذ و نادر ہی سوالات لیتے ہیں۔ اب تک انھوں نے بیرون ملک صرف دو مواقع پر سوالات لیے ہیں، وہ بھی جون 2023 اور فروری 2025 میں امریکہ کے دوروں کے دوران۔ ہم نے ہیلی سے پوچھا کہ کیا پہلے سے اعلان کیا گیا تھا کہ دونوں وزرائے اعظم سوالات لیں گے۔ اس پر ہیلی نے کہا 'نہیں، ہمیں پہلے ہی معلوم تھا کہ سوالات نہیں لیے جائیں گے۔' 'اور یہی چیز میرے کام کو مزید اہم بناتی ہے کیونکہ ہم کسی غیر ملکی رہنما کو اجازت نہیں دے سکتے کہ وہ یہاں آ کر جمہوریت کی تعریف خود کرے۔' 'جمہوریت کیا ہے؟ آپ کے وزیر اعظم دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت ہونے کی بات کرتے ہیں لیکن جمہوریت کیا ہو گی اگر آپ کے ملک کے سب سے طاقتور شخص سے سوال پوچھنے کی گنجائش ہی نہ ہو؟' 'انڈیا میں پریس کی آزادی اور انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کی صورتحال کے پیش نظر اتنے بڑے ملک کے سب سے طاقتور شخص سے سوال کرنا میرا فرض تھا۔' پریس فریڈم انڈیکس میں ناروے سرفہرست ہے جبکہ حالیہ برسوں میں انڈیا 157 ویں نمبر پر موجود ہے۔ ہیلی کہتی ہیں کہ 'ہمیں اپنے آزاد اور غیر جانبدار میڈیا پر فخر ہے۔ ہم وہ سوال کرتے ہیں جو ہم کرنا چاہتے ہیں اور اقتدار میں موجود لوگوں سے جواب طلب کرتے ہیں۔ یہی ہمارا کام ہے۔'

صحافی ہیلی لینگ نے مزید کہا کہ 'میرے وزیر اعظم کل بہت مصروف تھے مگر اس کے باوجود انھوں نے وزیر اعظم مودی کے جانے کے بعد ناروے کے بڑے میڈیا اداروں کے سوالات کے جواب دیے۔' تو کیا ہیلی کو یہ عجیب لگا کہ انڈین میڈیا ناروے کے وزیر اعظم سے سوال کر رہا تھا لیکن انڈیا کے وزیر اعظم سے نہیں؟ اس پر انھوں نے کہا 'مجھے حیرت نہیں ہوئی بلکہ یہ تشویش کا باعث ہے۔ مجھے اس بات کی فکر ہے کہ اگر آپ اپنے رہنماؤں اور ان کی پالیسیوں سے براہ راست سوال نہیں کر سکتے تو انڈیا میں آپ لوگ کس طرح بحث کو آگے بڑھاتے ہیں۔' 'یہی بات مجھے فکرمند کرتی ہے۔ میرا خیال ہے کہ ناروے کے رہنماؤں کو بھی آج یہ سوچنا چاہیے کہ جب ہم انڈیا کے ساتھ تعلقات مضبوط کر رہے ہیں تو کیا ہم غیر ارادی طور پر انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں اور پریس فریڈم انڈیکس میں گراوٹ کو جاری رہنے دے رہے ہیں۔ یہ ہمارے وزرائے اعظم کے لیے ایک پیچیدہ جغرافیائی سیاسی صورتحال ہے۔' ناروے، سویڈن، ڈنمارک اور فن لینڈ جیسے نارڈک ممالک دہائیوں سے ہیومن ڈویلپمنٹ انڈیکس میں سرفہرست رہے ہیں۔ پریس کی آزادی کو بنیادی اہمیت دینے والے ممالک میں کام کرنے والے صحافی اس پوری بحث اور حکومتی طرز عمل کو کس نظر سے دیکھتے ہیں؟ اس پر ہیلی نے کہا 'جب آپ خود میدان میں موجود نہ ہوں تو چیزوں کو سمجھنا مشکل ہوتا ہے۔ لیکن مجھے عالمی رپورٹس جیسے ایمنسٹی اور ہیومن رائٹس واچ پر اعتماد ہے۔' 'کل کے بعد مجھے انڈیا کے مختلف حصوں سے بہت سے پیغامات بھی موصول ہوئے۔ لوگ جن باتوں کا ذکر کر رہے ہیں وہ بہت تشویشناک ہیں۔' 'میں جانتی ہوں کہ انڈیا میں موجودہ حکومت کے حامیوں اور مخالفین کے درمیان بڑا فرق ہے۔ اسی لیے میں انھی ذرائع پر بھروسہ کرتی ہوں۔' وزارت خارجہ کے حکام کے ساتھ تلخ کلامی کے بارے میں ہیلی نے کہا کہ 'مجھے پہلے ہی اس تقریب کے لیے مدعو کیا گیا تھا۔ بعد میں انڈین سفارت خانے نے دعوت دی جو ایک اچھی بات تھی لیکن میں اپنے سوالات کے ساتھ وہاں گئی تھی۔' انھوں نے کہا کہ 'میں یہ پوچھ رہی تھی کہ کیا آپ فوری جواب دے سکتے ہیں؟ یہ ایک مسئلہ تھا کہ انھوں نے شاید تین یا چار سوال لیے اور پھر جواب دیا۔ بطور صحافی اگر مجھے اپنے سوال کا جواب نہ ملے تو مجھے جواب دینے والے کو روک کر بات کو اصل نکتے پر لانا ہوتا ہے لیکن کل ایسا نہیں ہوا۔' ان کے بقول 'میں نے انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کے بارے میں سوال کیا لیکن انھوں نے اس حصے کا جواب نہیں دیا۔ میں نے تقریباً ایک منٹ بعد انھیں روکنے اور بات کو دوبارہ اس مسئلے کی طرف لانے کی کوشش کی لیکن میں کامیاب نہیں ہوئی۔ یہ مشکل ہوتا ہے۔' وہ کہتی ہیں کہ 'ناروے میں، میں اس کی عادی ہوں کہ اگر مجھے جواب پسند نہ آئے تو میں دوبارہ سوال کر سکتی ہوں۔ کم از کم مجھے یہ محسوس ہوتا ہے کہ میرے سوال کا جواب دیا گیا۔ میرے لیے یہ اہم ہے کہ میں سوال کروں اور پھر سیاستدان وہی جواب دے جو میں پوچھ رہی ہوں۔ اور یہ جوابات عموماً زیادہ دلچسپ ہوتے ہیں اور دوسرے لوگوں کے نقطہ نظر کو سمجھنے کا بہتر طریقہ ہوتے ہیں۔' 'لیکن گفتگو کا رُخ 2020 میں انڈیا کی ویکسین سپلائی اور یوگا کی طرف مڑ گیا۔ مجھے یوگا اور انڈین ثقافت کی بہت سی چیزیں پسند ہیں۔ انڈیا بہت اچھا کام کرتا ہے لیکن میں عام طور پر کسی ملک کی تعریف سننے کے لیے پریس کانفرنس میں نہیں جاتی۔' 'کچھ لوگوں کو یہ لگا ہوگا کہ دوسری پریس کانفرنس میں میرا انداز کچھ سخت تھا لیکن۔۔۔ آپ کو بات کاٹنی پڑتی ہے اور جواب حاصل کرنے کی کوشش کرنی پڑتی ہے تاہم مجھے وہ جواب نہیں ملا (جو میں چاہتی تھی)۔' خیال رہے کہ اوسلو میں انڈیا کی وزارتِ خارجہ کی ایک پریس کانفرنس کے دوران ناروے کی صحافی ہیلی لینگ نے سوال کیا تھا کہ 'انڈیا اور ناروے ایک مضبوط شراکت داری قائم کر رہے ہیں لیکن ہم آپ پر اعتماد کیوں کریں؟ کیا آپ اپنے ملک میں ہونے والی انسانی حقوق کی خلاف ورزیوں کو روکنے کا وعدہ کرتے ہیں؟ آپ کے وزیرِ اعظم کب مشکل سوالات کے جواب دینا شروع کریں گے؟' جب وزارتِ خارجہ کے ترجمان رندھیر جیسوال نے کہا کہ 'ہم نے آپ کا سوال سن لیا ہے اور اس کا جواب دیں گے' تو صحافی نے کہا کہ وہ اس کا فوری جواب چاہتی ہیں۔ بعد ازاں اسی پریس کانفرنس میں انڈیا کی وزارتِ خارجہ کے سیکریٹری ویسٹ سبی جارج نے اس سوال کا جواب دیتے ہوئے کہا کہ 'انڈیا ایک بہت قدیم تہذیب ہے۔ تقریباً پانچ ہزار سال پرانی تہذیب۔ ہم نے صفر ایجاد کیا۔ ہم نے یوگا ایجاد کیا۔' جب سبی جارج یہ بات کہہ رہے تھے تو صحافی نے انھیں دوبارہ روکا اور کہا کہ وہ پوچھی گئی بات کا جواب دیں۔ اس پر سبی جارج نے کہا 'یہ میری پریس کانفرنس ہے۔ آپ نے سوال پوچھ لیا۔ اب آپ کو میرے جواب کو سننے کا صبر بھی ہونا چاہیے۔' صحافی نے پھر کہا کہ یوگا وغیرہ کی بات کرنے کے بجائے سوال کا جواب دیا جائے۔ اس پر سبی جارج نے کہا کہ 'میں اعتماد کی بات کر رہا ہوں۔ جب پوری دنیا کووڈ وبا سے لڑ رہی تھی تو ہم نے 150 سے زیادہ ممالک کو ویکسین اور ادویات فراہم کیں۔ ہم نے اس بحران سے نکلنے میں دنیا کی مدد کی۔ دنیا نے ہم پر اعتماد کا اظہار کیا۔ یہی اعتماد ہے۔'

صحافی مسلسل مداخلت کرتے ہوئے انسانی حقوق کی مبینہ خلاف ورزیوں سے متعلق اپنے سوال کا براہِ راست جواب مانگتی رہیں۔ اس جواب میں سبی جارج نے انڈیا میں ہونے والے جی 20 سربراہ اجلاس کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ یوکرین جنگ کے مشکل حالات میں انڈیا کی میزبانی نے تمام ممالک کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کیا۔ انڈیا نے سب کو متحد کیا اور پہلی مرتبہ افریقی یونین کو جی 20 کا مستقل رکن بنانے میں کامیاب ہوا۔ انھوں نے کہا کہ 'انڈیا نے افریقی ممالک کے خدشات کو ایک پلیٹ فارم فراہم کیا۔ یہی اعتماد ہے۔' سبی جارج نے یہ بھی کہا کہ 'لوگوں کو انڈیا کی وسعت کا اندازہ نہیں۔ وہ کسی لاعلم این جی او کی ایک، دو نیوز رپورٹس پڑھ کر ایسے سوال پوچھتے ہیں۔' ان کا کہنا تھا کہ انڈیا میں عدالتیں موجود ہیں اور کسی بھی خلاف ورزی پر وہ وہاں رجوع کر سکتے ہیں۔ جب سبی جارج جواب دے رہے تھے تو صحافی پریس کانفرنس سے اُٹھ کر چلی گئیں۔ بعد ازاں ایکس پر پیغام میں صحافی ہیلی لینگ نے کہا کہ 'میں نے کئی مرتبہ کوشش کی کہ وہ انسانی حقوق کے بارے میں واضح بات کریں۔ مگر میں ناکام رہی۔ (انڈین) نمائندوں نے کووڈ کے دوران انڈیا کی کوششوں اور یوگا سمیت دیگر امور کا ذکر کیا۔' لوک سبھا میں اپوزیشن لیڈر راہول گاندھی نے اس ویڈیو کا حوالہ دیتے ہوئے وزیرِ اعظم مودی پر ڈر کر وہاں سے چلے جانے کا الزام لگایا۔ انھوں نے کہا کہ 'جب چھپانے کے لیے کچھ نہ ہو تو خوفزدہ ہونے کی ضرورت نہیں ہوتی۔ جب دنیا ایک ایسے وزیرِ اعظم کو دیکھتی ہے جو چند سوالات سے گھبرا کر وہاں سے چلا جائے تو اس کا انڈیا کی شبیہ پر کیا اثر پڑتا ہے؟' ترنمول کانگریس کی رہنما مہوا موئترا نے انسٹاگرام پر لکھا کہ 'محترمہ ہیلی لینگ، انڈیا کی اپوزیشن اور لاکھوں انڈین شہریوں کی جانب سے شکریہ۔ آپ نے وہ کیا جو ہمارا اپنا میڈیا مسلسل کرنے میں ناکام رہا، یعنی اقتدار میں بیٹھے لوگوں سے سوال کرنا اور جوابدہی کا مطالبہ کرنا۔ پریس بریفنگ ہو یا پریس کانفرنس، فرق صرف نام کا ہے۔ نہ جواب ہیں اور نہ سچ۔' وزیرِ اعظم مودی پانچ ممالک کے سرکاری دورے پر ہیں۔ وہ متحدہ عرب امارات، نیدرلینڈز اور سویڈن کے دورے کے بعد ناروے پہنچے ہیں۔

(بی بی سی اردو)

# فیلڈ مارشل عاصم منیر ایران کے دورے پر روانہ، 'امید ہے ایران سے جلد معاہدہ طے پا جائے گا': مارکو روبیو

سکیورٹی ذرائع کے مطابق پاکستان کے آرمی چیف فیلڈ مارشل سید عاصم منیر سرکاری دورے پر ایران روانہ ہو گئے ہیں۔ امریکہ کے وزیر خارجہ مارکو روبیو نے سویڈن میں صحافیوں سے بات کرتے ہوئے کہا ہے کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر تہران جا رہے ہیں، ان سے مسلسل رابطے میں ہیں اور امید ہے ایران سے جلد معاہدہ طے پا جائے گا۔ وزیر اعظم 23 مئی کو چین کے دورے پر روانہ ہوں گے اور اپنے اس دورے کے دوران وہ ایران امریکہ مذاکرات پر بات کریں گے۔ امریکہ کے وزیر خارجہ مارکو روبیو نے کہا ہے کہ اگر ایران آبنائے ہرمز میں ٹول (فیس) لینے کا نظام نافذ کرتا ہے تو امریکہ اور ایران کے درمیان سفارتی معاہدہ ممکن نہیں رہے گا۔ امریکہ نے ایران جنگ کے باعث تائیوان کو 14 ارب ڈالر کے ہتھیاروں کی فروخت مؤخر کر دی۔ ایران کا کہنا ہے کہ فی الحال مذاکرات کا مرکز صرف لبنان سمیت تمام محاذوں پر جنگ کے خاتمے پر ہے اور میڈیا میں کیے جانے والے دعوے، بشمول افزودہ مواد محض میڈیا کی قیاس آرائیاں ہیں۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ امریکہ پولینڈ میں مزید 5000 فوجی بھیجے گا، حالانکہ ایک ہفتہ پہلے پینٹاگون نے وہاں 4000 فوجیوں کی تعیناتی کا منصوبہ منسوخ کر دیا تھا۔ پاکستان کے وزیرِ داخلہ سید محسن نقوی نے جمعرات کے روز ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی کے ساتھ تہران میں ملاقات کی ہے۔ امریکہ کے وزیر خارجہ مارکو روبیو نے سویڈن میں صحافیوں سے بات کرتے ہوئے کہا ہے کہ فیلڈ مارشل عاصم منیر تہران جا رہے ہیں، ان سے مسلسل رابطے میں ہیں اور امید ہے ایران سے جلد معاہدہ طے پا جائے گا۔ مارکو روبیو نے کہا کہ ایران سے مذاکرات پاکستانی کی ثالثی میں ہو رہے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ ایران کے ساتھ ڈیل ہماری پہلی ترجیح ہے۔ انھوں نے بتایا کہ 'امریکہ سے معاہدہ کرنے کے لیے ایران کو فیصلہ کرنا ہے۔' ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے کہا ہے کہ امریکہ اور ایران کے درمیان جاری مذاکرات میں کچھ مثبت اشارے ضرور ملے ہیں، تاہم ایران کے یورینیم ذخائر اور آبنائے ہرمز کے کنٹرول جیسے اہم معاملات پر اب بھی تعطل برقرار ہے۔ عباس عراقچی نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم ایکس پر ایک سلسلہ وار پیغامات میں کہا کہ موجودہ کشیدہ صورتحال کے باوجود بات چیت کے عمل میں 'محتاط امید' پائی جاتی ہے، تاہم ان کے بقول سفارت کاری ہی آگے بڑھنے کا واحد راستہ ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ایران نے آبنائے ہرمز میں جہاز رانی کو منظم کرنے کے لیے ایک نئی بحری اتھارٹی قائم کی ہے، اور ایک نقشہ بھی جاری کیا گیا ہے جس کے مطابق ایران نے متحدہ عرب امارات کے قریب واقع سمندری حدود تک اپنا کنٹرول بڑھا دیا ہے، جہاں سے گزرنے والے جہازوں کے لیے پیشگی اجازت لازمی قرار دی گئی ہے۔ ایرانی وزیر خارجہ کے مطابق مذاکراتی عمل میں دو بڑی رکاوٹیں درپیش ہیں۔ ایک جانب امریکہ فوری طور پر جوہری پروگرام پر بات چیت چاہتا ہے، جبکہ ایران اس سے قبل 30 روزہ اعتماد سازی کا وقت دینے پر زور دے رہا ہے۔ دوسری جانب آبنائے ہرمز میں فیس یا ٹول سسٹم کے قیام پر دونوں ممالک کے درمیان شدید اختلافات موجود ہیں۔ عباس عراقچی نے کہا کہ مذاکرات کا حتمی مسودہ تیار ہو چکا ہے، تاہم یہ دو بڑے نکات اب بھی کسی حتمی معاہدے کی راہ میں رکاوٹ ہیں۔ ان کے مطابق اس تعطل کو ختم کرنے کے لیے 'واضح مؤقف، سمجھوتہ اور فیصلہ کن اقدامات' ضروری ہیں، اور انھوں نے خبردار کیا کہ ان معاملات کو حل نہ کرنا خطرناک ہو سکتا ہے۔ دوسری جانب ایرانی پاسداران انقلاب کی بحریہ کا کہنا ہے کہ گذشتہ 24 گھنٹوں کے دوران 35 جہاز، جن میں آئل ٹینکرز، کنٹینر جہاز اور دیگر تجارتی بحری جہاز شامل ہیں، ایرانی حکام کی اجازت سے آبنائے ہرمز سے گزرے۔ ایرانی سرکاری میڈیا کے مطابق اس عمل کو پاسداران انقلاب کی بحریہ کی نگرانی میں منظم کیا گیا، جسے آبنائے ہرمز میں جہاز رانی کے نظام کو کنٹرول کرنے کی کوشش کا حصہ قرار دیا جا رہا ہے۔

(بی بی سی اردو)

# 'اس کا مطلب ہے وہ جنگ چاہتے ہیں': خلیج فارس اتھارٹی کا ایرانی نقشہ جسے متحدہ عرب امارات نے 'خواب کا ٹکڑا' قرار دیا

تھامس کوپلینڈ

ایران کی جانب سے آبنائے ہرمز سے آگے کی سمندری حدود پر بھی اپنے کنٹرول کے دعوے پر متحدہ عرب امارات نے سخت ردِعمل دیتے ہوئے اسے محض 'خواب کا ایک ٹکڑا' قرار دیا ہے۔ متحدہ عرب امارات کا یہ ردِعمل ایسے وقت میں سامنے آیا ہے جب ایران کی نئی قائم کی گئی 'خلیج فارس آبنائے اتھارٹی' میں آبنائے ہرمز کے ساتھ ساتھ 22 ہزار مربع کلو میٹر سے زائد کی سمندری حدود میں ایرانی مسلح افواج کی نگرانی کا دعویٰ کیا گیا ہے۔ اس حوالے سے ایک نقشہ بھی جاری کیا گیا ہے جس میں متحدہ عرب امارات کی فجیرہ بندرگاہ اور عمان کی سمندری حدود بھی شامل ہیں۔ ایران نے کہا ہے کہ نئی اتھارٹی کے تحت آبنائے سے گزرنے والے تمام بحری جہازوں کو 'خلیج فارس آبنائے اتھارٹی' کی اجازت درکار ہو گی۔ خیال رہے کہ امریکہ اور اس کے اتحادی خلیجی ممالک آبنائے ہرمز پر بھی ایرانی دعوے کو تسلیم نہیں کرتے اور اب ایران کی جانب سے اس اتھارٹی کے قیام کے بعد متحدہ عرب امارات اور ایران کے تعلقات مزید کشیدہ ہو گئے ہیں۔ امریکہ کا اصرار رہا ہے کہ آبنائے ہرمز سے گزرنے والے بحری جہاز ایرانی کی جانب سے لاگو کیے گئے قواعد کی تعمیل نہ کریں۔ متحدہ عرب امارات کے صدر کے مشیر انور قرقاش نے ایران کی جانب سے جاری کیے گئے اس نقشے پر ردِعمل دیتے ہوئے کہا ہے کہ 'یہ ایران کی واضح فوجی شکست کی علامت ہے، لیکن آبنائے ہرمز پر کنٹرول حاصل کرنے یا متحدہ عرب امارات کی سمندری خود مختاری میں مداخلت کی کوششیں خوابوں کے ٹکڑوں کے سوا کچھ نہیں ہیں۔' اقوام متحدہ کے سمندری قانون کے کنونشن کے تحت جہازوں کو دوسرے ملک کے پانیوں سے محفوظ گزر کی ضمانت حاصل ہوتی ہے، تاہم ایران نے اس کنونشن کی توثیق نہیں کی۔ ایران کے اسلامی انقلابی گارڈ کور (IRGC) سے منسلک میڈیا نے اس ہفتے ویڈیو جاری کی جس میں دعویٰ کیا گیا کہ آبنائے میں ایک ٹینکر پر 'سزا' کے طور پر حملہ کیا گیا۔ بی بی سی ویریفائی کے تجزیے سے معلوم ہوتا ہے کہ فوٹیج میں دکھائے گئے جہاز کی اہم خصوصیات براکا نامی لائبیریا کے پرچم تلے رجسٹرڈ ٹینکر سے مطابقت رکھتی ہیں جس پر جہاز کے آپریٹرز کے مطابق مئی کے آغاز میں سے حملہ کیا گیا تھا۔

آبنائے ہرمز کے اطراف کے علاقے پر زیادہ کنٹرول حاصل کرنے کی ایران کی کوشش ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب امریکی میرینز بدھ کے روز ایران جانے والے ایک تیل بردار جہاز پر اُترے تھے۔ امریکی فوج کی سینٹرل کمانڈ 'سینٹکام' کے مطابق اس جہاز پر ایرانی بندرگاہوں کی امریکی ناکہ بندی کی خلاف ورزی کا شبہ تھا۔ سینٹکام کی جاری کردہ فوٹیج میں امریکی میرینز کو ایک ہیلی کاپٹر سے جہاز کے عرشے پر اُترتے ہوئے دکھایا گیا ہے جس کے بارے میں کہا گیا کہ یہ تیل بردار جہاز Celestial Sea ہے، جو خلیج عمان میں موجود تھا۔ سمندری خطرات کے انتظام کی کمپنی وینگارڈ کے مطابق تلاشی لینے اور عملے کو راستہ تبدیل کرنے کی ہدایت کے بعد امریکی میرینز جہاز واپس چلے گئے۔ Celestial Sea کو اس سے پہلے اس کے سابقہ نام کے تحت ایران سے روابط کے باعث امریکی پابندیوں کا سامنا رہا ہے۔ میرین ٹریفک کے ٹریکنگ ڈیٹا کے مطابق یہ جہاز اب عمان کی بندرگاہ دقم کو اپنی منزل ظاہر کر رہا ہے۔ سینٹکام نے جمعرات کو کہا کہ 13 اپریل کو ایرانی بندرگاہوں کی امریکی ناکہ بندی کے نفاذ کے بعد سے اس نے 94 تجارتی جہازوں کا رخ موڑ دیا ہے اور چار جہازوں کو ناکارہ بنا دیا ہے۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے پیر کے روز کہا کہ وہ خلیجی ممالک کی درخواست پر ایران پر اگلے روز کے لیے منصوبہ بند فوجی حملہ روک رہے ہیں کیونکہ 'اب سنجیدہ مذاکرات جاری ہیں۔' ٹروتھ سوشل پر ایک پوسٹ میں امریکی صدر نے کہا کہ قطر، سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات کے رہنماؤں نے ان سے ایسا کرنے کی درخواست کی تھی۔ ایران کی جانب سے یہ نقشہ ایسے وقت میں جاری کیا گیا ہے جب پاکستان کی ثالثی میں امریکہ اور ایران کے درمیان پس پردہ مذاکرات کا سلسلہ بھی جاری ہے۔ ایرانی وزارت خارجہ نے کہا کہ وہ جنگ کے خاتمے سے متعلق امریکہ کی تازہ تجاویز کا جائزہ لے رہی ہے۔ ٹرمپ نے عندیہ دیا کہ وہ تہران کو نئے معاہدے پر رضامندی کے لیے چند دن دے سکتے ہیں، لیکن وہ ملک پر حملے دوبارہ شروع کرنے کے لیے بھی تیار ہیں۔

ایران کی جانب سے آبنائے ہرمز کے کنٹرول میں توسیع پر مبنی نئے نقشے پر سوشل میڈیا پر بھی بحث ہو رہی ہے۔ امریکی تھنک ٹینک انسٹی ٹیوٹ فار دی سٹڈی آف کے مطابق ایران کا خیال ہے کہ وہ یہ جنگ جیت چکا ہے اور اب وہ آبنائے ہرمز پر ایرانی کنٹرول کو مزید وسعت دے کر دیگر ممالک کے علاقوں پر بھی اپنا کنٹرول بڑھانا چاہتا ہے۔ ایکس پر تھنک ٹینک کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا ہے کہ ایران کے کوہ مبارک سے لے کر متحدہ عرب امارات کے جنوبی علاقے فوجا جبکہ جزیرہ جزیرہ قشم سے مغرب میں متحدہ عرب امارات میں ام القیون تک۔ یہ تبدیلی متحدہ عرب امارات اور عمان کے علاقائی پانیوں پر کنٹرول کا واضح دعویٰ کرتی ہے۔ یونیورسٹی آف شکاگو سے منسلک امریکی پروفیسر رابرٹ اے پیپ نے ایکس پر لکھا کہ ایران نے نئے نقشے میں متحدہ عرب امارات کی فجیرہ بندرگاہ کو بھی اپنے زیر اثر دکھایا ہے۔ اُن کا کہنا تھا کہ فجیرہ بندرگاہ آبنائے ہرمز کو بائی پاس کرتے ہوئے متحدہ عرب امارات کے پائپ لائن منصوبے کے لیے بہت اہم ہے۔ اُن کا کہنا تھا کہ ایران جنگ سے پہلے والی حالت پر واپس جانے کے لیے کسی ڈیل کے بجائے مزید اقتدار حاصل کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ مشرق وسطیٰ اُمور کے ماہر لوئے الشریف نے ایکس پر لکھا کہ اس نئے نقشے کا مطلب ہے کہ ایرانی رجیم جنگ دوبارہ شروع کرنا چاہتی ہے۔ ان کا نام نہاد منصوبہ متحدہ عرب امارات کی فجیرہ بندرگاہ تک پھیلا ہوا ہے۔ اُن کا کہنا تھا کہ وہ لوگ خوش فہمی کا شکار ہیں جو یہ سمجھتے ہیں کہ اس حکومت کے ساتھ کوئی معاہدہ کیا جا سکتا ہے۔ امیر جعفر نامی صارف نے لکھا کہ اگر ایران کی اس خواہش نے حقیقت کا روپ دھار لیا تو اس سے ایران آبنائے ہرمز کے دونوں اطراف کو کنٹرول کر سکتا ہے، علاقائی تجارت کو نئی شکل دے سکتا ہے اور اپنی سٹریٹجک پوزیشن کو مضبوط کر سکتا ہے۔ فجیرہ بندرگاہ خلیجِ عمان پر واقع ہے اور آبنائے ہرمز سے تقریباً 70 سمندری میل کے فاصلے پر ہے۔ چونکہ آبنائے ہرمز ایران جنگ کے باعث عملاً بند ہے، تو اس صورتحال میں عالمی منڈی کے لیے فجیرہ سے ہونے والی ترسیلات کی اہمیت بڑھ گئی ہے۔ ابوظہبی میں تیل کی تنصیبات سے خام تیل کو فجیرہ تک ابوظبی کروڈ آئل پائپ لائن (اے ڈی سی او پی) کے ذریعے پہنچایا جاتا ہے جسے حبشان فجیرہ پائپ لائن بھی کہا جاتا ہے۔ اس بندرگاہ سے یو اے ای گریڈ کا خام تیل 'مربان' مختلف ٹینکروں میں لوڈ کیا جاتا ہے اور یہ ٹینکر زیادہ تر ایشیائی ملکوں کی طرف روانہ ہوتے ہیں۔ کپلر کے اعداد و شمار کے مطابق فجیرہ نے گذشتہ سال اوسطاً یومیہ 17 لاکھ بیرل سے زیادہ خام تیل اور ریفائن شدہ ایندھن برآمد کیا جو عالمی یومیہ طلب کا تقریباً 1.7 فیصد بنتا ہے۔ آبنائے ہرمز کی عملاً بندش کے بعد سے متبادل راستے محدود رہے ہیں۔ کپلر کے مطابق سعودی عرب میں بحیرۂ احمر کی طرف واقع ینبع بندرگاہ یومیہ 40 سے 45 لاکھ بیرل برآمد کر رہی ہے جبکہ فجیرہ سے تقریباً 15 لاکھ بیرل یومیہ برآمد کیے جا رہے ہیں۔

(بی بی سی اردو)

## ورقِ تازہ

23 May 2026

اداریہ

# مہاراشٹر میں ایندھن کی قلت

مہاراشٹر کے مختلف اضلاع، خاص طور پر بلڈھانا سے سامنے آنے والے مناظر ریاستی انتظامیہ کی کارکردگی اور منصوبہ بندی پر ایک گہرا سوالیہ نشان ثبت کر رہے ہیں۔ پٹرول پمپوں پر لگی طویل قطاریں اور ہاتھوں میں پلاسٹک کے کین تھامے دیوانہ وار دوڑتے عوام اس گہرے عدم تحفظ کا مظہر ہے جو ریاستی نظام سے اعتماد اٹھ جانے کے بعد پیدا ہوتا ہے۔ سڑکوں پر مچنے والی یہ بھگدڑ کسی ایک دن کی پیدا کردہ نہیں ہے، بلکہ یہ اس خوف کا نتیجہ ہے کہ روزمرہ زندگی کو چلانے والا پہیہ کسی بھی وقت رک سکتا ہے۔ ایندھن، بالخصوص ڈیزل، کسی بھی مستحکم معیشت کی شہ رگ اور تجارتی سرگرمیوں کا بنیادی محرک ہوتا ہے۔ ایک عام کسان کی زراعت، مال بردار گاڑیوں کی نقل و حرکت، پبلک ٹرانسپورٹ اور چھوٹے کاروباریوں کی روزی روٹی کا براہِ راست انحصار اسی کی بلاتعطل فراہمی پر ہے۔ جب اس بنیادی ضرورت کے اچانک نایاب ہونے کی خبریں گردش کرنے لگیں اور لوگوں کو اپنے کام دھندے بند ہونے کا خوف لاحق ہو جائے، تو عوام کا اضطراب میں مبتلا ہو کر ذخیرہ اندوزی کی طرف مائل ہونا ایک انتہائی فطری نفسیاتی عمل بن جاتا ہے۔ عوامی سطح پر پھیلنے والی اس بے چینی کو قابو کرنے کے بجائے ریاستی ایوانوں سے جاری ہونے والے بیانات نے جلتی پر تیل کا کام کیا ہے۔ محکمہ رسد و خوراک کے اعلیٰ عہدیدار کی جانب سے کھلے عام یہ اعلان کرنا کہ ریاست کے پاس محض ایک ماہ کا ایندھن باقی رہ گیا ہے، انتہائی غیر ذمہ دارانہ طرزِ عمل کی نشاندہی کرتا ہے۔ عالمی منڈیوں میں امریکہ اور ایران کی کشیدگی کا حوالہ دے کر عوام کو خوف کے حوالے کر دینا کسی بھی باشعور حکومت کا شیوہ نہیں ہوتا۔ حکومت کا کام سائرن بجا کر خوف پھیلانا نہیں بلکہ متبادل انتظامات کی یقین دہانی کرانا ہوتا ہے۔ اسی بیان کی بازگشت ابھی ختم بھی نہیں ہوئی تھی کہ وزیر اعلیٰ کی جانب سے ایک بالکل متضاد موقف سامنے آ گیا۔ ریاست کے سربراہ نے ایندھن کی کسی بھی قسم کی قلت کی سختی سے تردید کرتے ہوئے تمام تر صورتحال کا ملبہ افواہوں اور عوام کی جانب سے کی جانے والی غیر ضروری خریداری پر ڈال دیا۔ ایک ہی کابینہ کے دو انتہائی اہم اراکین کے بیانات میں پایا جانے والا یہ واضح اور حیران کن تضاد حکومت کے اندرونی فقدانِ رابطہ اور ہم آہنگی کے بحران کو مکمل طور پر طشت از بام کر رہا ہے۔ عوام کے لیے یہ فیصلہ کرنا ناممکن ہو چکا ہے کہ وہ وزیرِ خوراک و رسد کی سنگین تنبیہ پر کان دھریں یا وزیر اعلیٰ کی تسلیوں پر بھروسہ کریں۔ قیادت کی اس کھلی بوکھلاہٹ نے مقامی سطح کے ایک معمولی سپلائی مسئلے کو پورے صوبے کے لیے ایک خطرناک نفسیاتی بحران میں تبدیل کر دیا ہے۔ جب ریاست کا معلوماتی نظام ہی ابہام کا شکار ہو اور کابینہ کے اراکین ایک پیج پر نہ ہوں، تو سڑکوں پر افراتفری اور پمپوں پر ہنگامی حالات کا پیدا ہونا ایک لازمی امر بن جاتا ہے۔ اس ہنگامی صورتحال میں انتظامیہ کی ترجیحات کا عدم توازن بھی حیرت انگیز ہے۔ فوری نوعیت کے اس مسئلے کو حل کرنے، آئل کمپنیوں سے رابطہ بڑھانے اور سپلائی چین کو بحال کرنے کے بجائے، متعلقہ حکام دہائیوں پرانے فرسودہ طریقوں کی طرف لوٹنے کی باتیں کر رہے ہیں۔ مٹی کے تیل کے متروک ہو چکے کاروبار کے لائسنس دوبارہ جاری کرنے کی تجویز اس بات کا ثبوت ہے کہ جدید معاشی چیلنجز سے نمٹنے کے لیے ہماری ریاستی منصوبہ بندی کس قدر کھوکھلی اور بے سمت ہو چکی ہے۔

اسی طرح عوام کو پائپ لائن گیس (پی این جی) کے کنکشن کے لیے الٹی میٹم جاری کرنا ایک انتہائی جابرانہ سوچ کی عکاسی کرتا ہے۔ سڑکوں پر ایندھن کے لیے خوار ہوتے شہریوں کو یہ دھمکی دینا کہ تیس جون تک کنکشن نہ لینے والوں کے گیس سلنڈر بند کر دیے جائیں گے، ریاستی بے حسی کی انتہا ہے۔ پالیسیوں کا نفاذ اور نظام کی تبدیلی ایک بتدریج عمل ہوتا ہے، اسے بحران کے بیچ عوام کی گردن پر تلوار رکھ کر منوانے کی کوششیں حکومتی ساکھ اور عوامی اعتماد کو ناقابل تلافی نقصان پہنچاتی ہیں۔ اپوزیشن جماعتوں کی جانب سے اس پوری افراتفری اور حکومتی کارکردگی پر اٹھائے جانے والے سوالات زمینی حقائق کے عین مطابق ہیں۔ جب ملک کا محنت کش طبقہ اپنے روزگار کو بچانے کے لیے پٹرول پمپوں کی خاک چھان رہا ہو، ایسے میں ملکی قیادت کی جانب سے عالمی دوروں، اعلیٰ سطحی مصروفیات اور پرتعیش طرزِ زندگی کی مسلسل تشہیر عوام کے غم و غصے میں اضافہ کرتی ہے۔ قیادت کا طرزِ زندگی اور عوام کی سڑکوں پر بے بسی جمہوری نظام کی بقا کے لیے ایک ایسی خطرناک خلیج پیدا کر رہی ہے جسے پاٹنا مستقبل میں انتہائی مشکل ہو جائے گا۔ بین الاقوامی سطح پر خام تیل کی ترسیل میں پیدا ہونے والے مسائل اور عالمی تنازعات سے انکار ممکن نہیں، مگر ایک فلاحی ریاست کا بنیادی کام ان عالمی جھٹکوں کو اپنے عوام تک پہنچنے سے روکنا ہوتا ہے۔ مقامی سطح پر ذخیرہ اندوزی پر قابو پانا، سپلائی کے متبادل ذرائع تلاش کرنا اور عوام کو مسلسل باخبر رکھنا مقامی انتظامیہ کی اولین ذمہ داری ہے۔ بیرونی تنازعات اور بین الاقوامی منڈیوں کے اتار چڑھاؤ کو اپنی خالص انتظامی ناکامیوں کی ڈھال بنانا کسی بھی صورت قابل قبول نہیں ہو سکتا۔ موجودہ حالات سختی سے اس بات کا تقاضا کرتے ہیں کہ ریاستی حکومت سب سے پہلے اپنا معلوماتی اور مواصلاتی نظام درست کرے۔ وزراء کی جانب سے انفرادی، جذباتی اور متضاد بیانات جاری کرنے کے بجائے حکومت ایک متفقہ اور مستند آواز بن کر عوام کے سامنے آئے۔ عوام کو درست اعداد و شمار فراہم کیے جائیں، مصنوعی قلت پیدا کرنے والے ذخیرہ اندوزوں کے خلاف بلاتفریق کاروائی کی جائے اور آئل مارکیٹنگ کمپنیوں کے اشتراک سے تمام پمپوں پر ایندھن کی دستیابی کو ہر قیمت پر یقینی بنایا جائے۔ معیشت کا پہیہ محض بیانات کی تکرار، افواہوں کا رونا رونے یا پرانی پالیسیوں کو زبردستی مسلط کرنے سے نہیں گھومتا۔ اس کے لیے مستحکم منصوبہ بندی اور عوام کا ریاستی اداروں پر غیر متزلزل اعتماد ناگزیر ہے۔ اگر اس اعتماد کی بحالی کے لیے ہنگامی بنیادوں پر عملی اقدامات نہ کیے گئے، تو پٹرول پمپوں پر لگنے والی یہ بے ہنگم قطاریں مستقبل قریب میں ایک بڑے معاشی اور سماجی تصادم کا روپ دھار سکتی ہیں، جس کی تمام تر ذمہ داری اسی انتظامی بوکھلاہٹ پر عائد ہو گی۔

